آلودگی کو روکیں گھر سے

طوفانی پانی کی آلودگی

بارش اور برف پگھلنے کی وجہ سے پانی کا بہاؤ طوفانی پانی کی شکل اختیار کر لیتا ہے جو سخت سطحوں مثلاً پکی پارکنگ لاٹس اور ڈرائیو ویز وغیرہ سے بہتا ہوا برامپٹن کے طوفانی پانی کے نکاسی کے نظام میں شامل ہونے کے بعد مقامی ندی نالوں اور دریاؤں میں چلا جاتا ہے۔

طوفانی پانی میں جب تیل، کیڑے مار ادویات، بھاری دھاتیں، کیمیکلز، سڑک پر چھڑکائے جانے والا نمک اور مزید بہت سی چیزیں شامل ہو جاتی ہیں، تو یہ آلودگی کا سبب بن سکتا ہے۔

آپ آلودگیوں کو طوفانی پانی کے نظام سے دور رکھ کر گھر بیٹھے طوفانی پانی کو آلودہ ہونے سے بچانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

سینیٹری سیوریج اور طوفانی پانی کے سیوریج میں کیا فرق ہے؟

سینیٹری سیوریج کا نظام بیت الخلاء، سنک، فوارے، لانڈری کی جگہوں اور تہہ خانوں کے فرش کی نالیوں سے پانی اکٹھا کرتا ہے اور اسے گندے پانی کی صفائی کے نظام میں بھیج دیتا ہے جہاں اسے صاف کرنے کے بعد لیک اونٹاریو میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

طوفان کا سیورج نظام بہتے ہوئے طوفانی پانی کو جمع کر لیتا ہے اور اس کو طوفانی پانی کے تالابوں میں لے جا کر چھوڑ دیتا ہے یا مقامی دریا یا ندی نالوں تک براہ راست پہنچا دیتا ہے جو بالآخر جھیل اونٹاریو میں پہنچ جاتا ہے۔

یہ بہتا ہوا پانی کسی ایسے مقامی دریا یا ندی نالے میں پہنچ جاتا ہے جو لیک اونٹاریو کی طرف بہتا ہو۔

طوفانی پانی کی آلودگی کیا ہے؟

جب پانی سخت سطحوں مثلاً سڑکوں، چھتوں، پکی پارکنگ لاٹس اور سائیڈ واکس سے بہتا ہوا گزرتا ہے، تو طوفانی پانی میں درج ذیل چیزیں شامل ہو جاتی ہیں:

- پالتو جانوروں کا فضلہ
- کوڑا کرکٹ
- گند، مٹی اور صحن کا فضلہ
- سڑکوں پر موجود نمک
- کھادیں اور کیڑے مار ادویات
- موٹر آئل، تیل اور چکنائی
- رنگ اور محلل

BRAMPTON

سٹی آف برامپٹن

منصوبہ بندی، تعمیر اور ترقی کا انتظام

اگر آپ کو یہ معلومات کسی دیگر زبان میں چاہیے ہوں، تو بذریعہ ٹیلیفون ترجمانی خدمات حاصل کرنے کے لیے براہ کرم 1-1-3پر کال کریں۔

برامپٹن میں طوفانی پانی کی آلودگی کو کم کرنے کے مزید طریقے جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں:
Brampton.ca/Pollution-Prevention

SCAN ME

گھر سے الودگی روکنے میں مدد دیں

ہم درج ذیل اقدامات اٹھا کر طوفانی پانی کی آلودگی کو روک سکتے ہیں اور مقامی دریاؤں اور ندی نالوں کو آلودہ ہونے بچا سکتے ہیں:

- اپنی جائیداد کو کوڑے کرکٹ سے پاک اور صاف رکھیں۔
- اپنے پالتو جانوروں کی باقیات کو اٹھائیں اور پالتو جانوروں کے فضلے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگائیں۔
- سڑک پر نمک کے استعمال میں احتیاط برتیں۔ نمک ڈالنے سے پہلے برف کو نرم کریں اور ہٹانے کی کوشش کریں۔
- کھادوں اور کیڑے مار ادویات تلف کرنے کی ادویات کے استعمال کو کم یا ختم کریں۔
- گھروں میں استعمال ہونے والے خطرناک مواد مثلاً موٹر آئل، اینٹی فریز اور پینٹس وغیرہ کو ریجن آف پیل کے کمیونٹی ری سائیکلنگ سنٹرز میں ٹھکانے لگائیں۔
- تالاب کا پانی چھوڑنے سے متعلق سٹی کے ضوابط پر عمل کریں۔

ندی نالوں میں صرف بارش کا پانی!

اپنی مقامی آبی گزرگاہوں کو آلودگی سے بچانے کے حل میں کردار ادا کریں

آپ یہ یقینی بنا کر طوفانی پانی کی آلودگی کو روک سکتے ہیں کہ صرف بارش اور پگھلی ہوئی برف ہی طوفانی پانی کے نالوں میں جائے۔

اگر آپ کو آلودگی کا کوئی بھی مواد نظر آئے، تو براہ کرم اس کی اطلاع یہاں دیں:

- پیل ریجن ایمرجنسی رسپانس ٹیم: 905-791-7800 (24 گھنٹے)
- اونٹاریو سپلز ایکشن سینٹر: 1-866-MOE-TIPS، (663-8477) (24 گھنٹے، 7 دن فی ہفتہ)
- سٹی آف برامپٹن: 311 پر کال کریں

اپنے ماحول، کمیونٹی اور انفراسٹرکچر کی حفاظت کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔